# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 12 December-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۲/دسمبر ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

### ::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ قومی پنچایت ایوارڈ صدرِ جمہوریہ کے ہاتھوں تفویض؛ مختلف زمروں میں مہاراشٹر کو چھ اعزاز۔

☆ ترقی کے نکتۂ نظر سے بھارت صحیح راستے پر گامزن ہے۔ ساتویں اسمارٹ انڈیا ہیکے تھان میں وزیرِ اعظم نریندر مودی کا فخریہ اظہارِ خیال۔

☆ پارلیمنٹ کی کارروائی کل بھی متاثر؛ ریلوے ترمیمی بل لوک سبھا میں منظور۔

☆ پربھنی شہر اور ضلع میں حکمِ امتناع نافذ؛ انٹرنیٹ سمیت ٹیلی مواصلاتی نظام بند۔

اور۔۔۔☆ لاتور ضلع میں آج سے کھیلوں کے ہفتے کا انعقاد۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

صدرِ جمہوریہ دَروپدی مُرمو نے کہا ہے کہ ملک کو ترقی یافتہ بنانے کیلئے گاؤں اور دیہاتوں کی ترقی اور انھیں بااختیار بنانا نہایت ضروری ہے۔ وہ کل نئی دہلی میں قومی پنچایت ایوارڈز 2024 کی تفویض کی تقریب سے خطاب کر رہی تھیں۔ اس پروگرام میں مختلف زمروں میں 45 ایوارڈز دیئے گئے۔ ان میں ریاست کے ستارا ضلع کے پاٹن تعلقے کی مانیاچی واڑی گرام پنچایت کو دو ایوارڈز سے نوازا گیا۔ گوندیا ضلع کے تروڑا پنچایت گروپ، ناسک ضلع کے اِگت پوری گروپ کی موڈاڑے گرام پنچایت، بھنڈارا ضلع کی بیلا گرام پنچایت اور پونہ کی یشونت راؤ چوہان ڈیولپمنٹ ایڈمنسٹریشن اکیڈمی یشدا کو بھی ایوارڈ سے نوازا گیا۔

***** ***** *****

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت، ترقی کے حوالے سے درست سمت میں آگے بڑھ رہا ہے۔ وہ کل ساتویں اسمارٹ انڈیا ہیکے تھان میں شرکت کرنے والے طلبہ سے خطاب کر رہے تھے۔

> ''آپ سب سے بات کرنے کے بعد میرا کانفیڈنس اور بڑھ گیا ہے کہ دیش وِکست بھارت ہونے کے صحیح ٹریک پر ہے۔ آپ جس تیز رفتار سے، جس کمٹمنٹ کے ساتھ بھارت کی سمسیاؤں کے انوویٹیو سلیوشنس ڈھونڈ رہے ہیں، وہ ادبھوت ہے۔ ساتھیو! آج دیش کی جو ایکسپریشنس ہیں، اُس میں ہمیں ہر چنوتی کیلئے آؤٹ آف دَ باکس سوچنا ہی ہوگا۔''

مہاراشٹر کے ممبئی، پونہ، ناگپور اور کولہاپور سمیت 51 مراکز پر منعقدہ اسمارٹ انڈیا ہیکے تھان کے آخری مرحلے میں 86 ہزار سے زائد ٹیموں نے شرکت کی۔

***** ***** *****

پارلیمنٹ کے سرمائی اجلاس میں کل بھی دونوں ایوانوں کی کارروائی بار بار متاثر ہوئی۔ راجیہ سبھا میں برسرِ اقتدار اور حزبِ اختلاف کے ارکان کی جانب سے اُٹھائے گئے مختلف معاملات پر ایوان کی کارروائی ابتداء میں بارہ بجے تک اور بعد میں دِن بھر کیلئے ملتوی کرنا پڑی۔ ایوانِ بالا کے چیئرمین جگدیپ دھنکڑ کے خلاف تحریکِ عدم اعتماد پیش کیے جانے پر پارلیمانی اُمور کے وزیر کرن رِجیجو نے حزبِ اختلاف پر شدید نکتہ چینی کی۔ انھوں نے مطالبہ کیا کہ کانگریس کے چیئرمین کے عہدے کی توہین کی ہے، اس لیے وہ معافی مانگے۔

***** ***** *****

اطلاعاتی ٹکنالوجی کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ مصنوعی ذہانت یعنی آرٹیفشیل انٹلیجنس کو کنٹرول کرنے کی غرض سے مرکزی حکومت قانون وضع کرنا چاہتی ہے اور اس کیلئے وہ ایوان میں اتفاقِ رائے کی توقع وہ کرتے ہیں۔ کل لوک سبھا سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے ملک میں ایک جامع ''بھارت اے آئی مشن'' شروع کیا گیا ہے جس میں اے آئی کمپیوٹ سہولت' اسکل فریم ورک' اسٹارٹ اَپس کیلئے مالی اعانت' اختراعی مرکز' ڈیٹا سیٹ پلیٹ فارم تیار کرنا اور نئے اپلیکیشن تیار کرنا اس طرح کے سات نکات شامل ہیں۔ اس سلسلے میں ایک علیحدہ سوال کے جواب میں وَیشنو نے کہا کہ چھترپتی سمبھاجی نگر میں مصنوعی ذہانت تجربہ گاہ یعنی آرٹیفشیل انٹلیجنس لیب کا کام شروع کیا جائے گا۔ اس سے سیمی کنڈکٹر کی صنعت اور زرعی پیداوار کو بھی فروغ ملے گا۔

***** ***** *****

لوک سبھا میں کل ریلوے ترمیمی بل صوتی رائے دہی کے ذریعے منظور کرلیا گیا۔ اس بل میں ریلوے قانون 1989 میں ترمیم کی گئی ہے۔ اس سے ریلوے بورڈ کے اختیارات اور خود مختاری میں اضافہ ہوگا۔ وزیرِ ریلوے اشونی نے بتایا کہ ریلوے قانونی دائرۂ کار کو آسان کے نظریہ سے یہ بل پیش کیا گیا ہے۔ انھوں نے بتایا کہ مہاراشٹر میں مختلف ریلوے پروجیکٹس کیلئے ایک لاکھ 64 ہزار کروڑ روپئے کی سرمایہ کاری کی گئی۔ ریاست میں ہر اسٹیشن پر ٹرین کو روکے جانے سے متعلق رکنِ پارلیمان سپریا سُڑے کے ایک سوال کا وہ جواب دے رہے تھے۔ وزیرِ موصوف نے بتایا کہ پونہ سے ریلوے لائن کو دو اور تین ٹریک بنانے کا کام جاری ہے اور اس کے بعد ہی ریلوے اسٹیشن بڑھائے جائیں گے۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

مہاراشٹر یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسیز کے سوالیہ پرچے افشاء ہونے کا یونیورسٹی نے سخت نوٹس لیا ہے۔ اس سلسلے میں ایک اعلیٰ سطحی کمیٹی نامزد کی گئی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ متعلقہ کالجوں میں بھی کمیٹی تشکیل دی گئی ہے۔ دریں اثناء اس طرح کے واقعات دوبارہ وقوع پذیر ہونے سے روکنے کیلئے اب سوالیہ پرچے بذریعۂ ای میل بھیجنے کا فیصلہ امتحانی بورڈ کے اجلاس میں کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

بزرگ ماہرِ ماحولیات مادھو گاڈگل کو اقوامِ متحدہ کے ماحولیاتی ادارے یو این ای پی کا چیمپئن آف اَرتھ لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ دیا جائے گا۔ ماحولیات کے تحفظ اور بقاء کیلئے کام کرنے والے افراد کو اس اعزاز سے نوازا جاتا ہے۔ وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے اس ایوارڈ کا اعلان کیے جانے پر ڈاکٹر مادھو گاڈگل کا خیرمقدم کیا ہے۔

***** ***** *****

پربھنی میں پیش آئے ناخوشگوار واقعے کے پیشِ نظر شہر اور ضلع میں حکمِ امتناع نافذ کردیا گیا ہے۔ ضلع کلکٹر رگھوناتھ گاوَڑے نے یہ اعلان کرتے ہوئے شہریوں سے امن و امان کی برقراری اور قانون و انتظام کے ضوابط پر عمل کرنے کی تلقین کی ہے اور کہا کہ ضلع و شہر میں دفعہ 144 اور نئی دفعہ 163 کے تحت امتناعی احکامات نافذ کردیئے گئے ہیں۔

اسی دوران عوامی مقامات پر پانچ یا پانچ سے زائد افراد کے ایک جگہ جمع ہونے پر پابندی کے علاوہ انٹرنیٹ سمیت تمام ٹیلی مواصلاتی خدمات' ژیراکس مراکز اور لاؤڈ اسپیکر پر بھی پابندی کا حکم ضلع کلکٹر نے دیا ہے۔

دریں اثناء' پرسوں پیش آئے ناخوشگوار واقعے کے بعد کل احتجاجی مظاہرین کی جانب سے سنگ باری' آتش زنی اور راستہ روکو احتجاج کیا گیا۔شہر میں سخت پولس انتظامات کیے گئے ہیں۔ناندیڑ ڈویژن کے اسپیشل ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل آف پولس شاہ جی اُماپ نے جائے واردات کا دورہ کرنے کے بعد شہریوں سے پُرامن رہنے کی اپیل کی۔

***** ***** *****

بیڑ ضلع میں بڑھتی غنڈہ گردی اور اغواء کی وارداتوں کی تحقیقات سینٹرل بیورو آف انویسٹی گیشن سی بی آئی کے ذریعے کرنے کا مطالبہ بیڑ کے رکنِ پارلیمان بجرنگ سونونے نے کی ہے۔کل دہلی میں مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ سے ملاقات کرکے انھوں نے یہ مطالبہ کیا۔سونونے' نے بتایا کہ وزیرِ داخلہ نے اس معاملے پر سنجیدگی سے غور کرکے اقدامات کرنے کا تیقن دیا ہے۔

***** ***** *****

لاتور ضلع میں آج سے کھیلوں کے ہفتے کا انعقاد ہورہا ہے۔18 دسمبر تک چلنے والے اس ہفتے کا آج صبح ڈسٹرکٹ اسپورٹس کامپلیکس میں افتتاح ہوگا۔اس دوران ضلع کے مختلف مقامات پر مختلف کھیلوں کا انعقاد ہوگا۔جن میں اَتھلیٹکس' کراٹے' تائیکوانڈو' کُشتی' اسکیٹنگ' لان ٹینس' آٹیا پاٹیا' رگبی' سائیکلنگ اور دیگر مقابلے شامل ہیں۔ضلع کے زیادہ سے زیادہ کھلاڑیوں کو ان مقابلوں میں حصہ لینے کی ترغیب ضلع اسپورٹس افسر جگناتھ لکڑے نے دی ہے۔

***** ***** *****

بھارت اور آسٹریلیاء کے مابین خواتین کے ایک روزہ کرکٹ میچوں کی سیریز میزبان آسٹریلیاء نے تین-صفر سے جیت لی ہے۔کل پرتھ میں کھیلے گئے تیسرے اور آخری میچ میں آسٹریلیاء نے بھارت کو 83 رنوں سے شکست دی۔آسٹریلیاء نے بھارت کے سامنے جیت کیلئے 299 رنوں کا ہدف رکھا تھا۔ جواب میں بھارت کی سمرتی مندھانا کی سنچری کے باوجود بھارت کی پوری ٹیم 215 رن بنا کر آؤٹ ہوگئی۔

***** ***** *****

اس موسمِ برسات میں آفاتِ سماوی کے باعث فصلوں کو ہوئے نقصان کے معاوضے کے طور پر ریاستی حکومت نے مالی امداد منظور کی ہے۔دھاراشیو ضلع کے ایک لاکھ 63 ہزار 97 ہیکٹر رقبے پر ایک لاکھ 80 ہزار 786 کسانوں کی فصلوں کو نقصان پہنچا۔اس کیلئے 221 کروڑ 81 لاکھ 30 ہزار روپئے کی مالی امداد منظور کی گئی ہے۔ ناندیڑ ضلع میں بھی ستمبر میں ہوئی موسلا دھار بارش کے نقصانات کے معاوضے کی مد میں 812 کروڑ روپئے منظور کیے گئے ہیں۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:

☆ قومی پنچایت ایوارڈ صدرِ جمہوریہ کے ہاتھوں تفویض؛ مختلف زمروں میں مہاراشٹر کو چھ اعزاز۔

☆ ترقی کے نکتۂ نظر سے بھارت صحیح راستے پر گامزن ہے۔ساتویں اسمارٹ انڈیا ہیکے تھان میں وزیرِ اعظم نریندر مودی کا فخریہ اظہارِ خیال۔

☆ پارلیمنٹ کی کارروائی کل بھی متاثر؛ ریلوے ترمیمی بل لوک سبھا میں منظور۔

☆ پربھنی شہر اور ضلع میں حکمِ امتناع نافذ؛ انٹرنیٹ سمیت ٹیلی مواصلاتی نظام بند۔

اور۔۔۔☆ لاتور ضلع میں آج سے کھیلوں کے ہفتے کا انعقاد۔

***** ***** *****